12280- غیر شادی شدہ عورت کی نماز جنازہ

سوال

اگر ایک عبادت گزار عورت جس نے پہلے خاوند کی وفات کے بعد دوسری شادی نہ کی ہو فوت ہو جائے تو کیا مسلمان اس کی نماز جنازہ ادا کریں گے ؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں جب وہ عورت مسلمانوں کے ہاں اسلام کے ساتھ معروف ہو تو فوت ہونے کی صورت میں مسلمان اس کی نماز جنازہ ادا کریں گے، اور اس کا شادی نہ کرنا نماز جنازہ کی ادائیگی میں مانع نہیں ہے، لیکن اگر کسی عورت کا خاوند فوت ہو جائے اور شادی کے لیے مناسب رشتہ بھی آئے تو شادی سے رکنا اس عورت کے لائق اور مناسب نہیں، لیکن اگر عبادت کے علاوہ اس کے پاس کوئی ایسا مانع ہو جو شادی نہ کرنے کا باعث ہو تو پھر ہو سکتا ہے، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کرنے اور تبتل یعنی دنیا سے بے تعلقی اور شادی نہ کرنے سے منع کرتے ہوئے فرمایا :

"جس نے میری سنت سے بے رغبتی کی وہ مجھ میں سے نہیں"

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے .